ماڈل درسی کتاب

2

# واقفیتِ عامہ

# General Knowledge

قومی نصاب 2022-23ء کے مطابق







نیشنل بک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد

National Book Foundation

ماڈل درسی کتاب

# واقفیتِ عامہ

# General Knowledge

## جماعت دوم

قومی نصاب 23-2022ء کے مطابق

National Book Foundation

نیشنل بُک فاؤنڈیشن
وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، حکومتِ پاکستان

©2024ء نیشنل بک فاؤنڈیشن بطور وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد
جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب یا اس کا کوئی بھی حصہ کسی بھی شکل میں
نیشنل بک فاؤنڈیشن کی باقاعدہ تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔

ماڈل درسی کتاب: واقفیتِ عامہ

برائے جماعت دوم



**مصنفہ:** یاسمین جدون

## زیرِ نگرانی

ڈاکٹر مریم چغتائی

ڈائریکٹر، قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت حکومت پاکستان، اسلام آباد

## اراکین نظرِ ثانی کمیٹی

مزلہ کنول، وفاقی تعلیمی ادارہ جات، اسلام آباد۔ سعدیہ زبیر، وفاقی تعلیمی ادارہ جات، اسلام آباد

فرحت ندیم، ڈائریکٹر ٹریننگ ڈویلپمنٹ لٹریسی (ڈی آئی ایل)، اسلام آباد۔ ثنا شفیق، بحریہ کالج، اسلام آباد

زاہدہ عزیز، وفاقی تعلیمی ادارہ جات (کینٹ / گیریژن) راولپنڈی۔ منان لطیف وفاقی تعلیمی ادارہ جات، اسلام آباد

## اراکین قومی نظرِ ثانی کمیٹی

مدثر منظور قریشی، ڈی سی آر ڈی، آزاد جموں و کشمیر۔ ڈاکٹر شازیہ قدیر محکمہ تعلیم، جنوبی پنجاب، ملتان

مزلہ کنول، وفاقی تعلیمی ادارہ جات، اسلام آباد۔ زاہدہ عزیز، وفاقی تعلیمی ادارہ جات (کینٹ / گیریژن)۔ واجد علی، ادارہ نصابیات و توسیعی تعلیم، حکومت بلوچستان، کوئٹہ

مس روزینہ چنر، ڈائریکٹریٹ آف کریکولم، سندھ۔ مس سعدیہ زبیر وفاقی تعلیمی ادارہ جات، اسلام آباد، بابر بشیر خان (ڈی سی ٹی ای، ایبٹ آباد، خیبر پختونخوا

مس پروین، محکمہ تعلیم، گلگت بلتستان۔ عامر ریاض (پی سی ٹی بی) لاہور۔

## ڈیسک آفیسر

صائمہ عباس، قومی نصاب کونسل، سیکرٹریٹ، اسلام آباد

**انتظامیہ:** نیشنل بک فاؤنڈیشن

اشاعت اول۔ طباعت اول: اپریل 2024ء | صفحات: ......... | تعداد: ........

قیمت: -/.............

کوڈ: ......-STU، آئی ایس بی این: ...............-978-969-37

طابع: ...............

نیشنل بک فاؤنڈیشن کی دیگر مطبوعات کے بارے میں معلومات کے لیے رابطہ کیجیے

ویب سائٹ: www.nbf.org.pk یا فون: 051-9261125

یا ای میل: books@nbf.org.pk

کسی بھی غلطی کی نشاندہی یا رائے دینے کے لیے درج ذیل ای میل پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

textbooks@ncc.gov.pk

National Book Foundation
TEST EDITION

# پیش لفظ

نیشنل بُک فاؤنڈیشن، فیڈرل سطح پر واحد ادارہ ہے جو معیاری درسی کتب کی اشاعت کرتا ہے اور بہ طور فیڈرل ٹیکسٹ بُک بورڈ بھی اپنے فرائض بہ طریقِ احسن سرانجام دے رہا ہے۔

واقفیت عامہ کی یہ ماڈل درسی کتاب برائے جماعت دوم کے لیے قومی نصاب ۲۰۲۲ء کے مطابق نیشنل بُک فاؤنڈیشن نے اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تجربہ کار اساتذۂ کرام کی زیرِ نگرانی تیار کی ہے۔ ہمارے معزز مصنفین کرام نے حتی الامکان کوشش کی ہے کہ یہ کتاب قومی نصاب کے تمام تقاضے پورے کرے اور طلبہ کی ذہنی سطح اور معاشرتی نظام کے عین مطابق ہو۔ اُمیدِ واثق ہے ہماری یہ کوشش طلبہ اور اساتذہ کو پسند آئے گی۔ یہ کتاب معاشرتی علوم اور سائنس کے مختلف تصورات کو مدِ نظر رکھتے مرتب کی گئی ہے۔ بچوں کی دل چسپی کے پیشِ نظر اسے رنگین تصاویر اور دیدہ زیب ڈیزائن سے مزین کیا گیا ہے۔ معلومات اور تصورات کی پیش کش میں استعداد کے پیشِ نظر کتاب کی زبان سادہ اور آسان رکھنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ اسباق کو دل چسپ بنانے کے لیے حقیقی کردار بھی شامل کیے گئے ہیں۔ جدید طرز پر مرتب کردہ مشقوں اور سرگرمیوں کا بھی خیال رکھا گیا ہے۔ اساتذۂ کرام سے گزارش ہے کہ جدید نفسیاتی اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اسباق کی تدریس دل چسپ انداز میں کریں اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

واقفیت عامہ کی تدریس میں جدید رجحانات اور حکمت عملیوں کو بھی روشناس کرانے کی کوشش کی گئی۔ مشقوں اور سرگرمیوں پر خاص طور سے توجہ دی گئی ہے۔ مصنفین نے تمام اسباق کو تدریسیاتی اصولوں پر وضع کیا ہے۔

معیار کی رفعت، تدریسیاتی حاصلات، ذہنی رسائی اور اسلوب کی پیروی ہمارا نصب العین ہے۔ اس ضمن میں مصنفین کی کاوشیں لائقِ تحسین ہیں۔ حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ کتاب غلطیوں سے پاک ہو۔ وزارتِ مذہبی امور کی جانب سے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی ذاتِ گرامی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حوالے سے جو نوٹیفکیشن جاری ہوتے رہے ہیں ان پر بھی مکمل طور پر عمل کیا گیا ہے تاہم پھر بھی آپ سے درخواست ہے کہ اگر اس کتاب میں کسی قسم کی لسانی یا علمی نوعیت کی کوئی خامی نظر آئے تو ہمیں اس سے آگاہ فرمائیں تاکہ آمدہ ایڈیشن میں ان کی درستی کی جاسکے۔ اس کے لیے ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہو گا۔ کسی غلطی کی نشان دہی یا اطلاع textbook@nbf.org.pk پر کریں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو! آمین

ڈاکٹر راجہ مظہر حمید
مینیجنگ ڈائریکٹر

National Book Foundation



# فہرست عنوانات




| صفحہ نمبر | | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| 01 | Me and my Environment | میں اور میرا ماحول | 01 |
| 09 | Helping Others | دوسروں کی مدد کرنا | 02 |
| 13 | Respecting Others | دوسروں کا احترام | 03 |
| 17 | Forgiveness | عفو و درگزر | 04 |
| 21 | Being Just and Fair | غیر جانبداری | 05 |
| 25 | Traffic Rules | ٹریفک کے قوانین | 06 |
| 31 | Rights and Responsibilites | حقوق و فرائض | 07 |
| 39 | Our Country Pakistan | ہمارا وطن پاکستان | 08 |
| 55 | Festivals | تہوار | 09 |
| 63 | Occupations and Professions | پیشے | 10 |
| 69 | Agriculture and Livestock | زراعت اور مویشی | 11 |
| 77 | Plants | پودے | 12 |
| 85 | Animals | جانور | 13 |
| 91 | Materials | مادی اشیا | 14 |
| 97 | Light and Heat | روشنی اور حرارت | 15 |
| 103 | Forces | قوتیں | 16 |
| 107 | Natural Resources | قدرتی وسائل | 17 |
| 115 | Water | پانی | 18 |


National Book Foundation

Domain: A

01

# میں اور میرا ماحول

# Me and my Environment

## حاصلاتِ تعلّم

**اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:**

- نشاندہی کر سکیں کہ پاکستان کے لوگ مختلف قسم کے علاقوں (دیہاتوں، شہروں، قصبوں اور کچی آبادیوں) میں رہتے ہیں۔
- مختلف علاقوں (دیہاتوں، شہروں، قصبوں اور کچی آبادیوں) میں رہنے والے لوگوں کے طرزِ زندگی میں فرق کر سکیں۔
- پاکستان میں کچھ عام پیشوں کی نشاندہی کر سکیں۔ (کسان، قصائی، موچی، استاد وغیرہ)
- جان سکیں کہ مختلف علاقوں، مذاہب اور ثقافتوں کے لوگ دوست ہو سکتے ہیں۔
- مختلف اقسام کے علاقوں کی اہم خصوصیات کی شناخت کر سکیں (عمارتیں، سہولیات، ماحول اور لوگ جو کام کرتے ہیں)۔
- پاکستان میں موجود مختلف پیشوں کے بارے میں (زبانی تحقیقات کے ذریعے) تحقیق کر سکیں۔

National Book Foundation



علی شہر میں رہتا ہے۔ اس کا گھر بہت بڑا ہے۔ یہ سیمنٹ اور اینٹوں سے بنا ہوا ہے۔



علی کے کزن دیہات میں رہتے ہیں۔ ان کا گھر مٹی کا بنا ہوا ہے جس کا بڑا سا صحن ہے۔

بچوں سے کہیں وہ جس جگہ رہتے ہیں وہاں کی دو پسندیدہ اور دو ناپسندیدہ باتیں بتائیں۔



## پاکستان کے لوگ مختلف قسم کے علاقوں میں رہتے ہیں۔






کچی آبادی | قصبہ | دیہات | شہر

### شہر:(City)

شہر میں عمارتیں اونچی اور پکی ہوتی ہیں اور یہاں کا ماحول کارخانوں اور ٹریفک کے شور وغل کی وجہ سے صاف نہیں ہوتا۔ شہروں میں صحت اور تعلیم کی بہترین سہولیات موجود ہوتی ہیں۔ یہاں کی زندگی بہت مصروف ہوتی ہے۔

### قصبے:(Town)

قصبے دیہات سے بڑے اور شہروں سے چھوٹے ہوتے ہیں۔ یہاں کے لوگ بھی شہر کے لوگوں کی طرح مصروف زندگی گزارتے ہیں۔ قصبے شہروں کی طرح ترقی یافتہ نہیں ہوتے ہیں۔

### دیہات / گاؤں:(Village)

دیہات قصبوں سے چھوٹے ہوتے ہیں۔ یہاں گھر عام طور پر کھلے اور کچے ہوتے ہیں۔ یہاں کا ماحول صاف ستھرا ہوتا ہے اور یہاں کی زندگی خاموش اور پرسکون ہوتی ہے۔ دیہاتوں میں سہولیات کم ہوتی ہیں۔

### کچی آبادیاں:(Kachi Abadiyan)

کچی آبادیاں بہت چھوٹی ہوتی ہیں جہاں کے رہنے والے لوگوں کو بہت کم سہولیات ملتی ہیں۔ یہاں کے لوگوں کی آمدنی بہت کم ہوتی ہے جس سے وہ بہت مشکل سے اپنا گزر بسر کرتے ہیں۔

National Book Foundation

# پاکستان کے لوگوں کے پیشے



ڈاکٹر



درزی



حجام



ترکھان



موٹر مکینک



موچی

**سرگرمی**

بچوں سے کہیں کہ اپنے والدین کی مدد سے پاکستان میں اپنائے جانے والے پیشوں کی فہرست بنائیں۔

## مختلف قسم کے علاقوں کی خصوصیات

| کچی آبادیاں | دیہات اور گاؤں | شہر اور قصبے | خصوصیات |
|---|---|---|---|
| مٹی اور تنکے سے بنی جھونپڑیاں | اینٹ اور مٹی سے بنے سادہ گھر | سیمنٹ اور اینٹ سے بنی اونچی عمارتیں اور بڑے گھر | عمارتیں |
| کچرے کے ڈھیر<br>ناقص حفظانِ صحت | کھلی اور تازہ آب و ہوا<br>کم ٹریفک<br>بڑے بڑے کھیت | ٹریفک کا شور و غل<br>آلودہ آب و ہوا | ماحول |
| کوئی سہولت نہیں | چھوٹی چھوٹی دکانیں، ڈسپنسریاں، بجلی، اور چھوٹے اسکول | بجلی، صاف پانی، گیس، اسکول، کالج، پارک، ہسپتال، شاپنگ مال وغیرہ | سہولیات |
| غیر تعلیم یافتہ مزدور وغیرہ | کسان، اسکول ٹیچر، ڈسپنسر، ترکھان، درزی وغیرہ | ڈاکٹر، انجینئر، پروفیسر، پائلٹ، درزی، مستری وغیرہ | پیشے |

National Book Foundation

## مختلف علاقوں، مذاہب اور ثقافت کے لوگ:

ہمارے ارد گرد مختلف مذاہب، علاقوں اور ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ رہتے ہیں۔ ہمیں ان کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا چاہیے اور ان کی ہر ممکن مدد کرنی چاہیے۔ ان کے ساتھ امن، ہم آہنگی اور دوستانہ ماحول برقرار رکھنا چاہیے۔




بچے گروپ میں گاؤں، شہر، قصبے اور کچی آبادی کی تصاویر لائیں اور جماعت میں ان کی اہم خصوصیات کا موازنہ کریں۔



**برائے اساتذہ:**

بچوں کو پاکستان کے مختلف علاقوں میں رہنے والے لوگوں کے رہن سہن کے بارے میں بتائیں۔ جماعت میں گفت وشنید کے ذریعے بچوں کو بتائیں کہ مختلف علاقوں کے رہنے والے اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے آپس میں دوست ہو سکتے ہیں ہمیں ان سب لوگوں کا احترام کرنا چاہیے۔

National Book Foundation

# مشق



سوال نمبر1۔ مندرجہ ذیل کاموں کو اس کے متعلقہ پیشوں سے ملائیں۔

| آپ کس کے پاس جائیں گے | |
|---|---|
| گوشت لینے | ڈاکٹر |
| جوتا مرمت کروانے | قصائی |
| کپڑے سلوانے | موچی |
| علاج کروانے | درزی |

سوال نمبر2۔ شہری اور دیہاتی زندگی میں فرق بتائیں اور لائن لگا کر ملائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| خالص ہوا | شہر | چشمے اور کنوئیں |
| ائیر پورٹ | | شور وغل |
| کسان | دیہات | چھوٹے اور کچے مکان |
| گاڑیوں کا دھواں | | بڑی سڑکیں |

سوال نمبر3۔ آپ بڑے ہو کر کون سا پیشہ اختیار کرنا چاہیں گے اور کیوں؟

مجھے ________ ہمیشہ سے پسند ہے۔

کیوں کہ ____________________________________

میں بڑا / بڑی ہو کر ____________________________________

National Book Foundation

سوال نمبر4۔ آپ ایک گاؤں میں سب سے پہلے کون سی سہولت مہیّا کرنا چاہیں گے اور کیوں؟

سوال نمبر5۔ کوئی سے تین کام لکھیں جو آپ کچی آبادی کے لوگوں کے لئے کرنا چاہتے ہیں۔

National Book Foundation

Domain: B

02

# دوسروں کی مدد کرنا
# Helping Others

## حاصلاتِ تعلّم

**اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:**


- اشیا کے اشتراک (Sharing) کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- اشیا کے نام بتا سکیں جو دوسروں کے ساتھ مل کر استعمال کرتے ہیں۔
- دی گئی کہانیوں اور تصاویر سے شناخت کر سکیں کہ لوگ ایک دوسرے کی مدد کیسے کرتے ہیں۔ (گھر، سکول، گاؤں، شہر یا کسی مصیبت میں)
- پہچان سکیں کہ لوگ اپنی روزمرہ زندگی میں کس طرح ایک دوسرے پر انحصار کرتے ہیں۔

آمنہ اور مریم ایک ہی کلاس میں پڑھتی ہیں۔ ایک دن آمنہ نے مریم کو بہت پریشان دیکھا۔ آمنہ کے پوچھنے پر مریم نے بتایا کہ اسے گھر کے لیے ریاضی کا دیا ہوا کام (ہوم ورک) سمجھ نہیں آیا۔ آمنہ نے مریم سے کہا، پریشان نہ ہوں، میں آپ کو سمجھاتی ہوں۔ آمنہ نے مریم کو سارا کام (ہوم ورک) سمجھایا اور مریم سمجھ گئی۔ اس طرح آمنہ کی مدد سے مریم کی پریشانی ختم ہو گئی۔





National Book Foundation



علی اور احمد دوست ہیں۔ علی ایک دن تفریح کے دوران کھیلتے ہوئے گر گیا اور اس کے گھٹنے پر چوٹ لگ گئی۔ احمد نے علی کو اٹھایا اور استاد کے پاس لے گیا۔ احمد نے استاد کے ساتھ مل کر اس کی پٹی کروا دی۔ علی نے احمد کا شکریہ ادا کیا۔

## روزمرہ زندگی میں ایک دوسرے کی مدد



گھر میں والدین کی مدد



بزرگوں کی مدد




ایسی صورت حال بیان کریں جب آپ نے دوسروں کی مدد کی ہو یا دوسروں نے آپ کی مدد کی ہو۔

National Book Foundation

## چیزوں کا اشتراک

چیزوں کے اشتراک (Sharing) سے دوستی بڑھتی ہے۔ ہمیں اپنے کھلونے، کتابیں اور پنسل اپنے دوستوں اور بہن بھائیوں کے ساتھ مل کر استعمال کرنی چاہیے۔ گھروں میں ہم کو اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ اپنا کمرہ، کھلونے، ٹی وی اور فرنیچر سب مل جل کر استعمال کرنے چاہییں۔

**سرگرمی**

کوئی سی تین چیزیں بتائیں جو آپ اپنے دوستوں یا خاندان کے ساتھ مل کر استعمال (Share) کرتے ہیں۔

## باہمی انحصار

روز مرہ زندگی میں انسان ایک دوسرے پر انحصار کرتے ہیں۔ ہمیں اپنے گھر کی بجلی ٹھیک کروانے کے لیے الیکٹریشن کی خدمت لینا پڑتی ہے۔ اسی طرح پانی کا نلکا لگوانے کے لیے پلمبر اور گھر کی تعمیر میں مزدوروں اور کاریگروں کی ضرورت پڑتی ہے۔







# مشق

سوال نمبر1۔ کالم "الف" کو کالم "ب" سے ملائیں۔

| کالم "الف" | کالم "ب" |
|---|---|
| طبیعت خراب ہونے پر | اپنائیت بڑھتی ہے۔ |
| دوسروں کی مدد کرنا | مزدور کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے۔ |
| مل جل کر رہنے سے | ڈاکٹر کی مدد لیتے ہیں۔ |
| گھر بنانے کے لیے | اچھی عادت ہے۔ |

سوال نمبر2۔ اگر آپ کا دوست بیماری کی وجہ سے اسکول نہیں آیا تو آپ اس کی مدد کیسے کریں گے؟

1) ______________ 2) ______________

سوال نمبر3۔ اگر کسی علاقے میں سیلاب آجائے تو آپ لوگوں کی مدد کس طرح کرسکتے ہیں؟

1) ______________ 2) ______________

**برائے اساتذہ:**

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی زندگی سے دوسروں کی مدد کے واقعات بچوں کو سنائیں۔

National Book Foundation

Domain: B

03

# دوسروں کا احترام
# Respecting Others

## حاصلاتِ تعلّم

**اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:**

- یہ جان سکیں کہ تمام انسان ایک جیسے ہوتے ہیں لیکن خاندان، مذہب اور ثقافت وغیرہ کی بنیاد پر مختلف ہیں اور سب قابلِ عزت ہیں۔
- ایسے مواقع کی شناخت کر سکیں جب اپنی باری کا انتظار کرنا بہت ضروری ہو۔ (بات چیت کرتے ہوئے، ٹکٹ خریدتے ہوئے، اسکول کینٹین وغیرہ پر)
- ایسے طریقوں کی نشان دہی کر سکیں جن سے وہ سب کی عزت کریں۔



National Book Foundation



عدنان، ارجیت اور جوزف دوست ہیں۔
ان کا تعلق مختلف مذاہب سے ہے۔
ان کی ثقافت اور ان کا رہن سہن ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ یہ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں اور ایک دوسرے کی بات کا احترام کرتے ہیں۔
تمام انسان پیدائشی لحاظ سے برابر اور عزت و احترام کے قابل ہیں اور اسی طرح ان کے حقوق بھی برابر اور اہم ہیں۔





National Book Foundation

ایک دوسرے کا احترام کرنا اور دوسروں کی مدد کرنا اچھی عادات ہیں۔



بزرگوں کی خدمت کرنا



قطار بنانا اور اپنی باری کا انتظار کرنا



جماعت میں اپنی باری کا انتظار کرنا



سڑک پر اپنی باری کا انتظار کرنا

سرگرمی

کیا آپ کسی دوسرے شہر/صوبے/ملک گئے ہیں؟ اگر ہاں تو وہاں کے بارے میں اپنے دوستوں کو بتائیں کہ اُن کا لباس، رہن سہن، کھانا پینا اور روزمرہ کے معمولات کس طرح آپ سے ملتے جلتے اور کس طرح مختلف ہیں۔

## مشق

سوال نمبر1۔ نیچے دیئے گئے بیانات پر صحیح ✔ اور غلط پر ✘ کا نشان لگایئے۔

- لائن میں کھڑے ہوتے ہوئے دھکا دینا۔۔۔۔۔۔۔۔۔
- دوسروں کا خیال کرنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔
- ہر ایک کی عزت کرنا اور احترام سے پیش آنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔
- ہر ایک کا مذاق اُڑانا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر2۔ کوئی سے دو مواقع لکھیں جب آپ نے قطار میں کھڑے ہو کر اپنی باری کا انتظار کیا ہو۔

1) ____________________ 2) ____________________

سوال نمبر3۔ آپ دوسروں کا احترام کیسے کرتے ہیں۔ چند مثالیں دیں۔

1) ____________________

2) ____________________

3) ____________________

National Book Foundation

National Book Foundation

Approved by Government of Pakistan
Ministry of Federal Education & Professional Training
National Curriculum Council Secretariat
vide letter No. F.No.1-6(2023) NCC/Dir/GK-NBF Dated: August 9, 2023

# قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد باد! کشورِ حسین شاد باد!
تو نشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد!

پاک سرزمین کا نظام قُوّتِ اخُوّتِ عوام
قوم، مُلک، سلطنت پائندہ تابندہ باد!
شاد باد منزلِ مُراد!

پرچمِ ستارہ و ہلال رہبرِ ترقی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال جانِ استقبال
سایۂ خُدائے ذُوالجلال!

National Book Foundation

نیشنل بک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد